آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

ٹیچنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز ہفتہ 07 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 215

برطانیہ اور پاکستان کا سائبر کرائم، منشیات دہشتگردی ویزا فراڈ کیخلاف تعاون بڑھانے پر اتفاق

برطانوی وزیرِ سلامتی ڈین جاروس کا دورہ پاکستان ڈین جاروس نے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقاتیں کیں

ملاقاتوں میں افغانستان کی صورتحال اور علاقائی سلامتی سمیت انسداد دہشت گردی اور سنگین منظم جرائم کے خلاف مشترکہ اقدامات پر گفتگو ہوئی



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی وزیرِ سلامتی ڈین جاروس نے پاکستان کا دورہ کیا، حکام سے ملاقاتیں کیں جن میں انسداد دہشت گردی، انسداد منشیات، نادرا، سائبر کرائم، امیگریشن، کوسٹ گارڈز اور تربیتی پروگرامز میں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم نے برآمدات میں اضافے کیلئے ٹی ڈی اے پی کو جدید بنانے کی منظوری دیدی

پاکستان کی برآمدی استعداد وسیع اور جغرافیہ موضوعوں ترین ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستانی برآمدات کے فروغ، پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی میں اضافے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار سمیت مقامی صنعتوں کو برآمدی معیار سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی منظوری دے دی۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت ٹی ڈی اے پی کی کارکردگی اور اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں اہم

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سونے و چاندی کی قیمتوں میں غیر متوقع طور پر بڑی کمی

کراچی (سی ایم لنکس) ڈیموکریٹس کے مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا سینٹرز پر پابندی کے بیان کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں اضافے سے عالمی و مقامی مارکیٹوں میں چار روزہ وقفے کے بعد سونے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تنازع فلسطین کے دو ریاستی حل پر جلد عمل درآمد ضروری ہے، دفتر خارجہ

آرفور ممالک کے وزرائے خارجہ کا اجلاس استنبول میں منعقد ہوا، اجلاس میں فلسطین، یمن، امریکہ، اسرائیل اور ایران کے تنازع اور آبنائے ہرمز کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

پاکستان نے سعودی عرب کے ساتھ مکمل اتحاد برائے دفاع سے وابستگی کا اعادہ کیا، بیرونی جارحیت اور خطرات کے خلاف خانہ کعبہ اور مسجد نبویؐ کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ خطے میں امن واستحکام چاہتے ہیں، تنازع فلسطین کے دو ریاستی حل پر جلد عمل درآمد ضروری ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان کا کہنا تھا کہ آرفور ممالک کے وزرائے خارجہ کا

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

دیوان عبدالرشید بخاری گروپ تحصیل بار احمد پور شرقیہ کے انتخابات میں کامیابی کی نئی تاریخ رقم کرے گا

تحصیل بار ایسوسی ایشن احمد پور شرقیہ کے صدارتی امیدوار ملک لطیف کھر والہ ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری شپ کے امیدوار ملک یاسر مڑل ایڈووکیٹ کا مشترکہ بیان

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) تحصیل بار ایسوسی ایشن احمد پور شرقیہ کے سالانہ انتخابات کے حوالے سے انتخابی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے۔ دیوان عبدالرشید بخاری گروپ کے نامزد صدارتی امیدوار ملک لطیف کھر والہ ایڈووکیٹ اور امیدوار برائے جنرل سیکرٹری ملک یاسر مڑل ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وکلا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر داخلہ اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے برطانوی وزیر مملکت برائے سیکورٹی کی ملاقات

وزارت داخلہ میں دونوں ممالک کے مابین وفود کی سطح پر بھی تفصیلی مذاکرات ہوئے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے برطانوی وزیر مملکت برائے سیکورٹی ڈین جاروس

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس

، اقتصادی تعاون تنظیم کے وزرا کونسل اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمعہ کو یہاں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے وزرا کونسل

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی ٹی آئی سے اس وقت مذاکرات نہیں ہو رہے، رانا ثناء اللہ

گورنر راج اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہے گا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیرِ اعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے اس وقت کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، بیک ڈور رابطے ہوتے رہتے ہیں لیکن باضابطہ طور پر کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے۔ نجی ٹی وی کے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کا بیرونی قرض 10 سال میں تقریباً دوگنا ہو کر 135 ارب ڈالر ہو گیا، ورلڈ بینک

ورلڈ بینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کا بیرونی قرض 2015 میں 68.67 ارب ڈالر تھا جو 2025 میں بڑھ کر 135.107 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ پاکستان کے ذمے سرکاری اور حکومتی ضمانتوں کے تحت 107.07 ارب ڈالر قرض واجب الادا ہے جبکہ پاکستان کے نجی شعبے کا غیر ضمانتی بیرونی قرض 17.58 ارب ڈالر ہے



واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ورلڈ بینک کا کہنا ہے کہ پاکستان کا بیرونی قرض 10 سال میں تقریباً دوگنا ہو کر 135 ارب ڈالر ہو گیا ہے۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کا بیرونی قرض 2015 میں 68.67 ارب ڈالر تھا جو 2025 میں بڑھ کر 135.107 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کے ذمے سرکاری اور حکومتی ضمانتوں کے تحت 107.07 ارب ڈالر قرض واجب الادا ہے جبکہ پاکستان کے نجی شعبے کا غیر ضمانتی بیرونی قرض 17.58 ارب ڈالر ہے۔ ورلڈ بینک کا کہنا ہے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد ہائیکورٹ: آئندہ ہفتے کیلئے ججز کا ڈیوٹی روسٹر جاری

جسٹس محمد اعظم خان آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت نہیں کریں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائی کورٹ میں آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت کے لیے ججز کا ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا گیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کی منظوری سے ڈپٹی رجسٹرار

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی آئی اے کا فضائی بیڑے میں شامل طیاروں کی ڈیپ کلیننگ کا آغاز

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پی آئی اے نے طیاروں کی صفائی اور کیبن مینجمنٹ کے معیار کو مزید

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

شہریوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور بہترین بلدیاتی سہولیات سے آراستہ ماحول فراہم کرنا

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر اور فعال بنایا جا رہا ہے

شہر بھر میں کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی اور صفائی ستھرائی کے تسلسل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ شہریوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور بہترین بلدیاتی سہولیات سے آراستہ ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر اور فعال بنایا جا رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے ستھرا پنجاب کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ستھرا پنجاب کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کمشنر بہاولپور کا فرید گیٹ، شاہی بازار اور چوک بازار سے جامع مسجد الصادق تک بازار کا دورہ

اندرون شہر میں جاری بحالی و تزئین و آرائش کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

کمشنر بہاولپور ڈویژن نے پیدل چل کر جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کے ہمراہ فرید گیٹ، شاہی بازار اور چوک بازار سے جامع مسجد الصادق تک بازار کا دورہ کیا اور اندرون شہر میں جاری بحالی و تزئین و آرائش کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے پیدل چل کر جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا اور منصوبے پر ہونے والی پیش رفت، تعمیراتی معیار

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا فرید گیٹ، شاہی بازار اور چوک بازار سے جامع مسجد الصادق تک جاری بحالی و تزئین و آرائش کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر عملدرآمد میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی

تمام محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت مقررہ اہداف بروقت مکمل کریں، ڈاکٹر عائشہ خان

بہاول پور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوامی فلاح و بہبود، شہری سہولیات کی بہتری اور گڈ گورننس کے اقدامات پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس بہاولپور کے کمیٹی روم میں خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز ڈاکٹر عائشہ خان نے کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب میں کرپشن کے الزامات، سالک حسین نے نوٹس ملنے کی تصدیق کر دی

وزیراعلیٰ پنجاب کا لیگل نوٹس ملا تو پھر جواب دوں گا

لاہور (سی ایم لنکس) پنجاب میں کرپشن کے الزامات پر چودھری سالک حسین نے صوبائی حکومت کی جانب سے نوٹس ملنے کی تصدیق کر دی۔ ایکس پیغام میں وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چودھری سالک حسین نے کہا کہ جلد جواب دوں گا، شفافیت بند کمروں کے پیچھے نہیں ہونی چاہئے۔ قبل ازیں وفاقی وزیر چودھری سالک

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خیبر پختونخوا کے عوام کیلئے خوشخبری آ گئی

گورنر خیبر پختونخوا کا پشاور سے لاہور براہ راست فضائی سروس شروع کرنے کا اعلان

پشاور (سی ایم لنکس) خیبر پختونخوا کے عوام کیلئے خوشخبری آ گئی، گورنر فیصل کریم کنڈی نے 9 نومبر سے پشاور، لاہور براہ راست فضائی سروس شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ یوم اقبال کے موقع پر پشاور سے لاہور کیلئے براہ راست پروازوں کا آغاز ہوگا، ساؤتھ ایئر ویز کے تعاون سے پشاور

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مرتضیٰ وہاب جعلی اور قبضہ میئر ہیں، پیپلز پارٹی کا پورا نظام ایک فراڈ ہے، حافظ نعیم

ہم نے اسکولز کو بہتر کرنے کا وعدہ کیا تھا

کراچی (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ کراچی کے میئر مرتضیٰ وہاب جعلی اور قبضہ میئر ہیں، پیپلز پارٹی کا پورا نظام ایک فراڈ نظام ہے۔ کراچی کے علاقے ناظم آباد میں سرکاری اسکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ہم نے کہا تھا ہم اختیار کیلئے لڑیں گے اور

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے جوہلی فیملی ہسپتال میں خصوصی صفائی آپریشن کیا جا رہا ہے۔

بہاولپور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے جوہلی فیملی ہسپتال میں خصوصی صفائی آپریشن

یہ آپریشن ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی خصوصی ہدایات پر مکمل کیا گیا

بہاول پور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب وژن کے مطابق بہاولپور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے جوہلی فیملی ہسپتال میں خصوصی صفائی آپریشن کیا گیا۔ یہ آپریشن ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی خصوصی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ٹرمپ کا ایران پر 9 نومبر کو دوبارہ حملوں کا امکان

، وائٹ ہاؤس میں سکیورٹی ٹیم سے اہم مشاورت

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکی صدر ڈونلڈ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا اردل روم 2 کانسٹیبلان کو محکمہ سے برخاستگی اور 1 سب انسپکٹر کو تنزلی کی سزا

01 انسپکٹر، 09 سب انسپکٹر، 03 اسسٹنٹ سب انسپکٹر، 02 ہیڈ کانسٹیبلان، 06 کانسٹیبلان اور 02 کلیریکل سٹاف ممبران کو سروس ضبطی کی سزا دی گئی

حاصل پور (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے اپنے آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا۔ جس میں 65 افسران و جوان پیش ہوئے۔ اردل روم میں 02 کانسٹیبلان کو محکمہ سے برخاستگی کی سزا اور 01 سب انسپکٹر کو تنزلی کی سزا دی گئی۔ اسی طرح 01 انسپکٹر، 09 سب انسپکٹر، 03 اسسٹنٹ سب انسپکٹر، 02 ہیڈ کانسٹیبلان، 06 کانسٹیبلان اور 02 کلیریکل

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی جانب سے اپنے آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا گیا۔

احمد پور شرقیہ اور گردونواح میں ایل پی جی کی بلیک میں فروخت کا سلسلہ جاری

نرخ چھ سو روپے فی کلو تک پہنچ گئے مقامی انتظامیہ سے ایل پی جی کی سرکاری نرخوں پر فروخت کو یقینی بنانے کا مطالبہ

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور شرقیہ اور گردونواح میں ایل پی جی کی بلیک میں فروخت کا سلسلہ جاری۔ نرخ چھ سو روپے فی کلو تک پہنچ گئے۔ تفصیل کے مطابق شہر میں واقع ایل پی جی فروخت کرنے والے دو کانداروں نے حکومتی احکامات کو ہوا میں اڑاتے ہوئے ایل پی جی بلیک میں فروخت کر رہے ہیں۔ اور فی کلو نرخ چھ سو روپے تک جا پہنچے ہیں جس سے غریب اور

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سی او ہیلتھ رحیم یار خان ڈاکٹر ابرار حسین چیمہ کا

آر ایچ سی ترنڈہ محمد پناہ اور مریم نواز ہیلتھ کلینک جن پور کا دورہ

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لیاقت پور ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کے ہمراہ طبی سہولیات

عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی صحت کی خدمات کا جائزہ لیا

جن پور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر سی او ہیلتھ رحیم یار خان ڈاکٹر ابرار حسین چیمہ نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لیاقت پور ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کے ہمراہ آر ایچ سی ترنڈہ محمد پناہ اور مریم نواز ہیلتھ کلینک جن پور کا دورہ کیا اور طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی صحت کی خدمات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ابرار حسین چیمہ نے کہا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



سی او ہیلتھ ہسپتالوں کا وزٹ کرتے ہوئے۔

آروائی کے شوگر ملز رکن آباد میں بوائلر لائٹ اپ کی تقریب

کرشنگ سیزن کے آغاز کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل

بوائلر لائٹ اپ کرشنگ سیزن کے آغاز کی تیاریوں میں ایک اہم مرحلہ ہے، جی ایم ملز بقا محمد اور جی ایم کین ندیم حیدر چوہدری

جن پور (نامہ نگار) آروائی کے شوگر ملز رکن آباد جن پور میں کرشنگ سیزن 27-2026 کے آغاز کی جانب اہم پیش رفت، بوائلر لائٹ اپ کی تقریب منعقد ہوئی، جس کے ساتھ ہی ملز میں نئے کرشنگ سیزن کی تیاریوں نے ایک اور اہم سنگِ میل عبور کر لیا۔ تقریب میں جی ایم بقا محمد، جی ایم

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے

کوئٹہ، (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کے لئے احکامات جاری کر رہے ہیں۔

کورٹ فیس میں جعلسازی کرنیوالے مافیا کے خلاف کارروائی

: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کو خراج تحسین

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کورٹ فیس میں جعلسازی کرنے والے مافیا کے خلاف کارروائی پر چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جعلی کورٹ فیس ٹکٹ سے قومی خزانے کو ڈیڑھ ارب روپے نقصان پہنچانے والے عناصر کیخلاف کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کم عمری کی شادی کے خلاف پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواست دائر

پشاور (سی ایم لنکس) خیبر پختونخوا میں لڑکیوں کی شادی کی کم از کم قانونی عمر 16 سے بڑھا کر 18 سال مقرر کرنے کے لیے پشاور

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جائیداد ملکیت اور وراثت کے معاملات سول عدالتوں میں مناسب مدت میں طے کیے جائیں: سپریم کورٹ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ وفاقی محتسب کو پیچیدہ جائیداد تنازعات کا حتمی فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل نہیں،

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہدائے جموں کی قربانیاں کشمیری عوام کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں

وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے شہدا جموں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوم شہدا جموں ان کشمیریوں کو یاد کرنے کا دن ہے جو پاکستان کی محبت میں شہید ہوئے، شہدائے جموں کی قربانیاں کشمیری عوام کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں، کشمیری شہدا نے اپنے حقِ خودارادیت کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ جمعہ کو وزارت امور کشمیر کی طرف سے جاری بیان

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات، ضلع بھر جمعۃ المبارک کے موقع پر افسران و جوان الرٹ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سی ایم کرائم سرویلنس یونٹ کے افتتاح کے بعد دعائے خیر کررہی ہیں۔

بقیہ نمبر 01

تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ایکسپریس نیوز کے مطابق ڈین جاروس نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں افغانستان کی صورتحال اور علاقائی سلامتی سمیت انسداد دہشت گردی اور سنگین منظم جرائم کے خلاف مشترکہ اقدامات پر گفتگو ہوئی۔دونوں ممالک نے دہشت گردی، منظم جرائم، غیر قانونی امیگریشن اور ویزا فراڈ کی روک تھام کے لیے عملی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔اس سلسلے میں معلومات کے تبادلے کو بہتر بنانے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان رابطے مضبوط کرنے اور جرائم پیشہ و دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیاں موثر بنانے پر زور دیا گیا۔ڈین جاروس نے کہا کہ برطانیہ اور پاکستان کو مشترکہ سیکیورٹی خطرات کا سامنا ہے اور ان خطرات کا مل کر مقابلہ کرنے سے دونوں ممالک زیادہ محفوظ ہو سکتے ہیں۔برطانوی وزیر مملکت برائے سیکیورٹی ڈین جاروس کی وزارت داخلہ بھی آمد ہوئی جہاں انہوں نے وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے ملاقات کی۔محسن نقوی اور برطانوی وزیر مملکت سیکیورٹی ڈین جاروس کے درمیان وفود کی سطح پر بھی مذاکرات ہوئے۔ پاکستان اور برطانیہ نے انسداد دہشت گردی، انسداد منشیات، نادرا، سائبر کرائم، امیگریشن، کوسٹ گارڈز اور تربیتی پروگرامز میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔برطانوی وزیر مملکت سیکیورٹی نے غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کے لیے ایف آئی اے کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ سائبر کرائم ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے، اس کے موثر سدباب کے لیے تمام ممالک کو مل کر کام کرنا ہوگا، پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مختلف شعبوں میں بہترین تعاون موجود ہے، اسے مزید وسعت دینا چاہتے ہیں۔ برطانوی وزیر مملکت ڈین جاروس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں اور کاوشوں کا اعتراف کیا۔ انسداد منشیات کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت کو جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا۔ایم او یو سے برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی (NCA) اور پاکستان کی اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) کے درمیان تعاون مکمل طور پر آپریشنلائز ہوجائے گا۔محسن نقوی نے کہا کہ چند سال میں برطانیہ اسمگل کی جانے والی منشیات کے 330 کیس ناکام بنائے۔پاکستان اور برطانیہ کی وزارت داخلہ کے درمیان قائم ورکنگ گروپ کا اجلاس جلد بلانے پر اتفاق کیا گیا۔محسن نقوی نے اپسکیل پراجیکٹ کے تحت پیش رفت کو سراہا اور کہا کہ اپسکیل پراجیکٹ پاکستانی اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں انتہائی اہم ثابت ہو رہا ہے۔برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ اور برطانیہ کے متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وفاقی سیکریٹری داخلہ، اسپیشل سیکرٹری و ایڈیشنل سیکرٹریز داخلہ، چیئرمین نادرا، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی جی اے این ایف، آئی جی فیڈرل کانسٹیبلری، ڈی جی نیشنل فرانزک ایجنسی، کمانڈنٹ این پی اے، ڈی جی این سی سی آئی اے، ڈی جی پاسپورٹ، چیئرپرسن سوشل میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی، چیف کمشنر و آئی جی اسلام آباد پولیس بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ نمبر 02

فیصلہ کیا گیا۔اس موقع پر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ برآمدات میں اضافے کے لیے صنعتوں میں تیارکردہ مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی کلیدی اہمیت کی حامل ہے، جدید خطور پر استوار ٹی ڈی اے پی اسکی راہ ہموار کرے گا۔ زرعی مصنوعات کی برآمد کا پورا ایکو سسٹم بشمول پوری ویلیو چین بنائی جائے گی۔انہوں نے ہدایت ی کہ شفاف طریقے سے میرٹ پر اچھی تربیت یافتہ افرادی قوت کو ٹی ڈی اے پی کا حصہ بنایا جائے۔وزیراعظم نے کہا کہ اصلاحات تب ہی ممکن ہیں جب اداروں میں ترقی کو اہداف کے حصول اور کارکردگی سے مشروط کیا جائے، ادارے کے پرفارمنس اور فنانشل آڈٹ کے لیےاچھی شہرت یافتہ نجی آڈٹ فرم کی خدمات لی جائیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی برآمدی استعداد وسیع اور جغرافیہ موضوں ترین ہے، برآمدات میں اضافے کے لیے صنعتوں اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار کو سہولت فراہم کررہے ہیں تا کہ ان خصوصیات سے بھرپور استفادہ حاصل کیا جا سکے۔اجلاس کو ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کی موجودہ کارکردگی اور ادارہ جاتی ڈھانچے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کے موجودہ نظام میں چیلنجز کے بارے میں اجلاس کو تفصیلی طور پر اگاہ کیا گیا۔عالمی سطح پر موثر ٹریڈ پروموشن آرگنائزیشنز کے تقابلی جائزے میں واضح کیا گیا کہ جدید ادارے مقامی منڈیوں کی ترقی و عالمی منڈیوں تک رسائی، برآمد کنندگان کی استعداد میں اضافے اور برآمدات کے فروغ کے لیے مربوط خدمات فراہم کرتے ہیں۔ بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ عالمی معیار کے تجارتی فروغ کے ادارے میں تبدیل کرنے کے لیے اصلاحات بھی پیش کی گئیں۔ ان میں ادارے کے دائرہ کار کو 8 بنیادی افعال تک محدود کرنا، بورڈ اور انتظامی ڈھانچے کی تنظیمِ نو، علاقائی نیٹ ورک کو موثر بنانا، ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور مصنوعی ذہانت کا استعمال، جبکہ کارکردگی جانچنے کے لیے قابلِ پیمائش اشاریوں اور آزادانہ تھرڈ پارٹی جائزے کا نظام متعارف کرانا شامل ہے۔مجوزہ اصلاحات پر عمل درآمد کے لیے منظوری، ڈیزائن، نفاذ اور آزادانہ جانچ پر مشتمل 12 ماہ کا مرحلہ وار منصوبہ بھی پیش کیا گیا۔وزیراعظم نے اصلاحات کو آئندہ برس کے وسط میں مکمل کرکے اطلاق یقینی بنانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، جام کمال خان، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، ڈاکٹر مصدق ملک، مشیر وزیر اعظم ہارون اختر، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 03

اور چاندی کی قیمتوں میں غیر متوقع طور پر کمی واقع ہوئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 65 ڈالر کی کمی سے 4ہزار 066 ڈالر کی سطح پر آگئی۔کمی کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی جمعہ کو فی تولہ سونے کی قیمت یکدم 6ہزار 500 روپے کی کمی سے 4لاکھ 29ہزار 136 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی 5ہزار 573 روپے کی کمی سے 3لاکھ 67ہزار 914 روپے کی سطح پر آگئی۔اسی طرح عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت 85 سینٹس کی کمی سے 52 ڈالر کی سطح پر آگئی۔کمی کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی فی تولہ چاندی کی قیمت 85 روپے کی کمی سے 5ہزار 678 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت بھی 73 روپے کی کمی سے 4ہزار 868 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ نمبر 04

برادری کی بھرپور حمایت اور اعتماد سے گروپ ایک مرتبہ پھر شاندار کامیابی حاصل کرکے اپنی کامیابیوں کا تسلسل برقرار رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ دیوان عبدالرشید بخاری گروپ محض ایک انتخابی پلیٹ فارم نہیں بلکہ وکلا کے حقوق، عزت و وقار، فلاح و بہبود اور بار کی مضبوطی کے لیے مسلسل جدوجہد کرنے والی ایک موثر آواز ہے۔ گروپ نے ہمیشہ بار اور بینچ کے درمیان خوشگوار تعلقات، نوجوان وکلا کی سرپرستی، پیشہ ورانہ مسائل کے حل اور بار کے ادارہ جاتی تشخص کو بہتر بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔امیدوار برائے جنرل سیکرٹری ملک یاسر مڑل ایڈووکیٹ، جن کا تعلق تاریخی وعلمی وروحانی شہر اوچ شریف کی دھرتی سے ہے، نے کہا کہ جنرل سیکرٹری کا منصب ان کے لیے اعزاز کے ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے۔ان کی اولین ترجیح بار کے انتظامی امور میں بہتری، وکلا کو درپیش مسائل کا موثر حل، لائبریری کی ترقی، نوجوان وکلا کی حوصلہ افزائی اور تمام اراکین بار کو یکساں اہمیت دینا ہوگی۔ملک لطیف کھر والہ ایڈووکیٹ اور ملک یاسر مڑل ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ وکلا برادری کا اتحاد اور اعتماد ہی ہماری اصل طاقت ہے۔ہم انتخابی وعدوں کے بجائے عملی خدمت، باہمی مشاورت اور اجتماعی مفاد کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں۔ان شاءاللہ وکلا کے تعاون سے دیوان عبدالرشید بخاری گروپ کامیابی کا نیا باب رقم کرے گا۔مشترکہ بیان میں انہوں نے سینئر وکلا، نوجوان قانون دانوں اور تمام معزز اراکین بار سے اپیل کی کہ وہ بار کی ترقی، وکلا کے حقوق کے تحفظ اور روشن مستقبل کے لیے دیوان عبدالرشید بخاری گروپ کے نامزد پینل کا بھرپور ساتھ دیں۔قانونی و سیاسی حلقوں میں بار انتخابات کے حوالے سے جوڑ توڑ اور انتخابی سرگرمیاں تیز ہو چکی ہیں، جبکہ اوچ شریف سے تعلق رکھنے والے ملک یاسر مڑل ایڈووکیٹ کی بطور امیدوار جنرل سیکرٹری نامزدگی کو بھی انتخابی سرگرمیوں میں اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 05

اجلاس کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق ای سی او وزرائے کونسل کا اجلاس 15 اور 16 نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ نائب وزیراعظم نے اجلاس کی تیاریوں میں ہونے والی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اجلاس کے کامیاب اور خوش اسلوبی سے انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے باہمی قریبی رابطہ اور موثر تعاون برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے ای سی او کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ اجلاس میں شرکت کرنے والے وفود کا اسلام آباد میں خیر مقدم کیا جائے گا اور علاقائی تعاون کے فروغ کے حوالے سے نتیجہ خیز تبادلہ خیال ہوگا۔ اجلاس میں وزارت خارجہ کے سینئر حکام نے شرکت کی۔


بہاول پور: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز ڈاکٹر عائشہ خان شہری سہولیات اور گڈ گورننس کے اقدامات بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں۔



جہانگیر خان ترین کے خصوصی تعاون سے ایل پی پی کے زیراہتمام فری آئی کیمپ میں مریضوں کی آنکھوں کے آپریشن کیے جارہے ہیں، دوسری جانب سی ای او ایل پی پی ڈاکٹر عبدالصبور فری آئی کیمپ کے وزٹ کے دوران سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 06

نے ملاقات کی، وزارت داخلہ میں دونوں ممالک کے مابین وفود کی سطح پر بھی تفصیلی مذاکرات ہوئے۔مذاکرات کے دوران دونوں ممالک نے انسداد دہشت گردی، انسداد منشیات، سائبر کرائم، امیگریشن، نادرا، کوسٹ گارڈز اور تربیتی پروگرامز میں باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا۔اس موقع پر انسداد منشیات کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت کو جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا گیا جس کے تحت برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی (این سی اے) اور پاکستان کی اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے درمیان تعاون مکمل طور پر آپریشنلائز ہو جائے گا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ چند سالوں کے دوران منشیات برطانیہ سمگل کرنے کے 330 کیسز ناکام بنائے گئے ہیں۔انہوں نے "اپ سکیل پراجیکٹ" کے تحت ہونے والی پیشرفت کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستانی اداروں کی استعداد کار بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔اس دوران دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے مابین قائم ورکنگ گروپ کا اجلاس بھی جلد بلانے پر اتفاق کیا گیا۔برطانوی وزیر مملکت ڈین جاروس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف کیا اور غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کے سلسلے میں ایف آئی اے کی کارکردگی کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان بہترین اشتراک قائم ہے جسے مزید مستحکم کیا جائے گا جبکہ سائبر کرائم جیسے بین الاقوامی چیلنج کے موثر سدباب کے لئے عالمی سطح پر مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں۔ملاقات میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ، وفاقی سیکرٹری داخلہ، چیئرمین نادرا، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی جی اے این ایف، ڈی جی این سی سی آئی اے، ڈی جی پاسپورٹ، چیئرپرسن سوشل میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی، آئی جی اسلام آباد، چیف کمشنر اور دیگر اعلیٰ سول وسکیورٹی حکام بھی شریک تھے۔

بقیہ نمبر 07

پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ گورنر راج اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہے گا، بھارت اور افغانستان کی مدد سے دہشت گردی کا ناسور اس وقت وہاں پھیل رہا ہے۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ دہشت گردی کو روکنا اہمیت کا حامل ہے، سب کو آن بورڈ لیا جائے گا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کے علاوہ کوئی دوسرا آپشن نہیں۔انہوں نے کہا کہ لڑائی کوئی نہیں بڑھانا چاہتا،لڑائی ہے بھی نہیں، اختلاف رائے ہے،مولانا فضل الرحمٰن کو اگر گورنر راج پر اختلاف ہے تو وہ اختلاف رائے رکھ سکتے ہیں، اختلاف رائے جمہوری رویوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ن لیگی رہنما نے کہا کہ ہمیں جے یو آئی ف کی رائے سے اختلاف کا حق ہے اور انہیں بھی یہ حق حاصل ہے، جب آپ کے پاس ثبوت نہ ہوں تو ایسے الزامات نہیں لگانے چاہئیں، چوہدری سالک نے خود کہا کہ ان کے پاس ثبوت نہیں۔

بقیہ نمبر 08

اجلاس استنبول میں منعقد ہوا، اجلاس میں فلسطین، یمن، امریکہ، اسرائیل اور ایران کے تنازع اور آبنائے ہرمز کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاکستان نے فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ کیا۔انہوں نے کہا کہ فلسطینی ریاست 4 جون 1967 کی سرحدوں پر قائم ہو اور مشرقی یروشلم اس کا دارالحکومت ہو، غزہ میں فوری طور پر تشدد کے خاتمے اور بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی کا مطالبہ بھی کیا گیا، تنازع فلسطین کے دو ریاستی حل پر جلد عمل درآمد ضروری ہے۔ان کا کہنا تھا کہ یمن اور بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملوں کی مذمت، جبکہ سعودی عرب اور یمن کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، علاقائی تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ضروری ہے۔ترجمان نے کہا کہ جاری سفارتی کوششوں بشمول اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کا خیرمقدم کرتے ہیں، آبنائے ہرمز سے محفوظ اور بلا رکاوٹ جہاز رانی کی بحالی کا مطالبہ کرتے ہیں، 23 اکتوبر کو آرفورممالک کے وزرائے خارجہ کی فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے ہم منصبوں سے بھی استنبول میں ملاقات ہوئی، ملاقات میں اہم علاقائی اور عالمی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔سجاد حیدر خان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی اردن کی حکومت اور عوام سے تعزیت کرتے ہیں، جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی بھی کیا، پاکستان کی زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اردن سے یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 26 اکتوبر کو سعودی عرب کے مکہ اور مدینہ کے علاقوں پر حوثی بیلسٹک میزائل حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، مقدس مقامات کے قریب حوثی حملے سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کی سنگین خلاف ورزی ہیں، حوثی حملے اسلام کے مقدس مقامات کے تقدس اور شہریوں کی سلامتی کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہیں۔ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے سعودی عرب کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی اور مکہ اتحاد برائے دفاع سے وابستگی کا اعادہ کیا ہے، بیرونی جارحیت اور خطرات کے خلاف خانہ کعبہ اور مسجد نبویؐ کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 09

کہ پاکستان کے قلیل مدتی بیرونی قرضوں کا حجم 10.45 ارب ڈالر تک پہنچ گیا جبکہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے بھی پاکستان کے ذمے 16.83 ارب ڈالر واجب الادا ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 2025 میں چین نے پاکستان کے 2 ارب ڈالر قرض کی مدت میں توسیع کی، آئی ایم ایف نے 2025 میں پاکستان کو توسیعی فنڈ اور پائیداری سہولت پروگرام کے تحت 2.3 ارب ڈالر کی نئی ادائیگیاں جاری کیں۔

بقیہ نمبر 10

جوڈیشل نے آئندہ ہفتے کے لیے ججز کا ڈیوٹی روسٹر جاری کیا ہے۔عدالتِ عالیہ میں آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت کے لیے 9 سنگل بینچ اور 4 ڈویژن بینچز تشکیل دیے گئے ہیں۔جسٹس انعام امین منہاس صرف 10 نومبر کو کیسز کی سماعت کے لیے دستیاب ہوں گے، جبکہ جسٹس محمد اعظم خان آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت نہیں کریں گے۔ پہلا ڈویژن بینچ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر اور جسٹس شاہ رخ ارجمند پر مشتمل ہو گا۔دوسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس ارباب محمد طاہر شامل ہیں۔تیسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس عمیر مجید ملک کو شامل کیا گیا ہے، جبکہ چوتھا ڈویژن بینچ جسٹس محمد آصف اور جسٹس ایاز شوکت پر مشتمل ہوگا۔

بقیہ نمبر 11

بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ترجمان پی آئی اے کے مطابق کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں پی آئی اے طیاروں کے کیبن کی خصوصی صفائی کا معائنہ کیا گیا۔سی ای او پی آئی اے ایڈرین ہملٹن مانز کا کہنا تھا کہ طیاروں کی صفائی انتہائی اہم ہے، اپنے برانڈ کو اعلیٰ ترین معیار پر رکھنا ضروری ہے، طیاروں کو بہترین حالت میں برقرار رکھنا ہماری ترجیح ہے۔ایڈرین ہملٹن مانز نے کہا کہ یہ اس عمل اور رفتار کا آغاز ہے جس کے ذریعے طیاروں کو بہترین حالت میں برقرار رکھا جائے گا۔سی ای او نے پی آئی اے میں صفائی، معیار اور سروس کے اعلیٰ معیارات کے فروغ کے لیے اقدامات جاری رکھنے کا عزم کیا۔صفائی کے عمل میں نمایاں کردار ادا کرنے والے ملازمین میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے جبکہ بہترین کارکردگی دکھانے والے ملازمین کو نقد انعامات سے بھی نوازا گیا۔

بقیہ نمبر 12

ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ عوامی سہولیات کی بہتری اور شہری مسائل کے حل کے لیے تمام متعلقہ محکمے مربوط حکمت عملی کے تحت باہمی تعاون سے کام کریں۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہر بھر میں کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی اور صفائی ستھرائی کے تسلسل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے جبکہ تمام گلیوں، محلوں، بازاروں، مرکزی شاہراہوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے یکساں معیار کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے صفائی کے عملے کی حاضری، فیلڈ میں موجودگی اور روزانہ کی بنیاد پر انجام دی جانے والی سرگرمیوں کی موثر نگرانی کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے مزید کہا کہ شہر میں کھلے اور خستہ حال مین ہولز کی فوری نشاندہی کرکے ان کی مرمت اور حفاظتی کورز کی تنصیب یقینی بنائی جائے۔ مین ہولز پر کورز کی تنصیب کے کام میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔اسی طرح آوارہ کتوں کے مسئلے کے مستقل اور موثر حل کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرکے عملی اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام تحصیلوں میں جاری صفائی آپریشن کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت یا غیر ضروری تاخیر کی صورت میں ذمہ دار افسران اور اہلکاروں کا تعین کرکے جوابدہی یقینی بنائی جائے۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کہا کہ شہریوں کو معیاری بلدیاتی سہولیات کی فراہمی، صاف ستھرے ماحول اور محفوظ شہری انفراسٹرکچر کی تشکیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر عمل درآمد میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 13

سٹاف ممبران کو سروس ضبطی کی سزا دی گئی۔ 02 اسسٹنٹ سب انسپکٹر اور 02 کانسٹیبلان کو تنخواہ قرقی کی سزا دی گئی،01 انسپکٹر کو سالانہ انکریمنٹ سٹاپ کی سزا دی گئی۔ جبکہ 01 ہیڈ کانسٹیبل اور 06 کانسٹیبلان کو سنشور دی گئی اور 01 کانسٹیبلان کو جرمانہ کیا گیا۔اردل روم میں ڈی پی او بہاولپور نے 26 افسران وجوانوں کے جواب پر مطمئن ہو کر ان کے شوکاز فائل کیے۔اس حوالے سے بات کرتے ہوئے ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ محکمہ پولیس میں احتساب کے مضبوط نظام سے ہی میرٹ اور انصاف کا بول بالا ہوتا ہے۔کرپشن، بدعنوانی، نا اہلی اور ناقص تفتیش پر کوئی کمپرومائز نہیں محکمہ میں صرف ایماندار محنتی، پروفیشنل افسران کی جگہ ہے۔ اختیارات کا ناجائز استعمال محکمہ کے وقار کو مجروح کرتا ہے۔جس سے عوام کا محکمہ سے اعتماد کم ہوتا ہے۔ تمام افسران اور ملازمان اپنے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر قانون کے مطابق حاصل ہونے والے اختیارات کا جائز استعمال کریں جس سے محکمہ میں بہتری کے ساتھ ساتھ لوگوں میں بھی اعتماد بحال ہوگا۔

بقیہ نمبر 14

وزیراعظم کا کہنا تھا کہ برآمدات میں اضافے کے لیے صنعتوں میں تیارکردہ مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی کلیدی اہمیت کی حامل ہے، جدید خطور پر استوار ٹی ڈی اے پی اسکی راہ ہموار کرے گا، زرعی مصنوعات کی برآمد کا پورا ایکو سسٹم بشمول پوری ویلیو چین بنائی جائے گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ شفاف طریقے سے میرٹ پر اچھی تربیت یافتہ افرادی قوت کو ٹی ڈی اے پی کا حصہ بنایا جائے، اصلاحات تب ہی ممکن ہیں جب اداروں میں ترقی کو اہداف کے حصول اور کارکردگی سے مشروط کیا جائے، ادارے کے پرفارمنس اور فنانشل آڈٹ کے لیےاچھی شہرت یافتہ نجی آڈٹ فرم کی خدمات لی جائیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی برآمدی استعداد وسیع اور جغرافیہ موضوں ترین ہے، برآمدات میں اضافے کے لیے صنعتوں اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار کو سہولت فراہم کررہے ہیں تا کہ ان خصوصیات سے بھرپور استفادہ حاصل کیا جا سکے۔اجلاس کو ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی (کی موجودہ کارکردگی اور ادارہ جاتی ڈھانچے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کے موجودہ نظام میں چیلنجز کے بارے میں اجلاس کو تفصیلی طور پر اگاہ کیا گیا۔عالمی سطح پر موثر ٹریڈ پروموشن آرگنائزیشنز کے تقابلی جائزے میں واضح کیا گیا کہ جدید ادارے مقامی منڈیوں کی ترقی و عالمی منڈیوں تک رسائی، برآمد کنندگان کی استعداد میں اضافے اور برآمدات کے فروغ کے لیے مربوط خدمات فراہم کرتے ہیں۔ بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ عالمی معیار کے تجارتی فروغ کے ادارے میں تبدیل کرنے کے لیے اصلاحات بھی پیش کی گئیں، ان میں ادارے کے دائرہ کار کو 8 بنیادی افعال تک محدود کرنا، بورڈ اور انتظامی ڈھانچے کی تنظیمِ نو، علاقائی نیٹ ورک کو موثر بنانا، ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور مصنوعی ذہانت کا استعمال، جبکہ کارکردگی جانچنے کے لیے قابلِ پیمائش اشاریوں اور آزادانہ تھرڈ پارٹی جائزے کا نظام متعارف کرانا شامل ہے۔مجوزہ اصلاحات پر عمل درآمد کے لیے منظوری، ڈیزائن، نفاذ اور آزادانہ جانچ پر مشتمل 12 ماہ کا مرحلہ وار منصوبہ بھی پیش کیا گیا، وزیراعظم نے اصلاحات کو آئندہ برس کے وسط میں مکمل کرکے اطلاق یقینی بنانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں وفاقی وزرا رانا تنویر حسین، جام کمال خان، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، ڈاکٹر مصدق ملک، مشیر وزیر اعظم ہارون اختر، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 15

ضلعی افسران اور متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں جاری کردہ ہدایات اور حکومتی اقدامات پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر ڈاکٹر عائشہ خان نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر عملدرآمد میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت مقررہ اہداف بروقت مکمل کریں تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔انہوں نے بیوٹیفکیشن منصوبوں کے معیار، پائیداری اور بروقت تکمیل پر زور دیتے ہوئے فواروں اور دیگر واٹر فیچرز کی تنصیب، گرین بیلٹس کی بہتری اور شہری علاقوں کی خوبصورتی برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔انہوں نے فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات پر سو فیصد کنٹرول، سموگ کے تدارک اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے موثر اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی۔اجلاس میں گورننس اور روڈ مینٹی ننس کے لیے خصوصی سکواڈز کے قیام، روزانہ 12 گھنٹے انسپکشن، شہری مسائل کے فوری حل، سٹریٹ لائٹس کو سو فیصد فعال رکھنے، مین ہولز کو محفوظ بنانے اور زیبرا کراسنگ سمیت سکول سیفٹی کے انتظامات بہتر بنانے پر زور دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنرز کو واٹر فلٹریشن پلانٹس کی فوری مرمت و بحالی جبکہ جنرل بس ٹرمینلز اور گرین بس شیڈز کی تعمیر و مرمت، صفائی اور دیکھ بھال یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ڈاکٹر عائشہ خان نے ہسپتالوں کی ڈیپ کلیننگ اور سڑکوں کی روزانہ واشنگ یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کھلی جگہوں پر کوڑا کرکٹ پھینکنے والوں کے خلاف مرحلہ وار کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں وارننگ، دوسرے مرحلے میں بھاری جرمانے جبکہ تیسرے مرحلے میں ایف آئی آر درج کرائی جائے گی۔اجلاس میں ضلع بھر کو تجاوزات سے پاک بنانے کے لیے مشترکہ آپریشنز، وال چاکنگ، کٹے پھٹے بینرز اور غیر ضروری اشتہارات ہٹانے، سڑکوں کی لین مارکنگ، عمارتوں کی تزئین و آرائش اور شہری انفراسٹرکچر کی بہتری سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ضلع کی معاشی ترقی کے لیے ڈسٹرکٹ اکنامک پلان کی تیاری، آوارہ کتوں اور کتے کے کاٹنے کے واقعات کی روک تھام، ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد، ہسپتالوں، سکولوں، فوڈ سٹریٹس اور فوڈ کارٹس کے انتظامات سمیت دیگر عوامی سہولیات کی بہتری کے امور بھی زیر بحث آئے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام حکومتی اقدامات پر موثر عملدرآمد اور مسلسل مانیٹرنگ کے ذریعے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 16

حسین نے پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا لیگل نوٹس ملا تو پھر جواب دوں گا، پنجاب حکومت میں بدعنوانی کے الزامات پر قائم ہوں، عدالت میں نوٹس کا مکمل اور بھرپور جواب دوں گا، ڈی سی گجرات کی تعیناتی سے متعلق الزام من گھڑت ہے، پنجاب میں کرپشن سے متعلق بات میرا ذاتی بیان ہے۔چودھری سالک نے مسلم لیگ ق کے حکومت سے علیحدگی کا امکان مسترد کر دیا اور کہا کہ فی الحال اتنا کافی ہے کہ لیگل نوٹس کا جواب دیں گے۔دوسری جانب چودھری سالک کے بیان پر چودھری شافع نے وضاحتی بیان میں کہا کہ انہوں نے پنجاب حکومت کا نام نہیں لیا، ان کا اشارہ نظام میں موجود بدعنوانی کی جانب تھا، ممکن ہے انہیں کچھ ایسی معلومات ہوں جن سے میں آگاہ نہیں، چھوٹے بھائی سے کبھی فاصلہ اختیار کیا نہ کروں گا۔

بقیہ نمبر 17

متوسط طبقہ انتہائی پریشان ہے حکومت نے ایل پی جی کو مقررہ نرخوں پر فروخت کرنے کے سخت احکامات جاری کررکھے ہیں۔مگران پر عملدرآمد نہ ہورہا ہے شہریوں محمد اکرم، محمد عمر، اکبر محمد خالد محمد افضل نے مقامی انتظامیہ سے ایل پی جی کی سرکاری نرخوں پر فروخت کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 18

اور لاہور کے درمیان فضائی رابطہ بحال کیا جارہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پشاور سے لاہور کا سفر تقریبا 50 منٹ سے ایک گھنٹے میں طے ہوگا، ابتدائی طور پر پشاور، لاہور روٹ پر ہفتے میں چار پروازیں چلائی جائیں گی، پشاور سے لاہور کیلئے پہلی پرواز 9 نومبر کو تقریباً دوپہر ایک بجے روانہ ہوگی۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ لاہور میں مقیم خیبرپختونخوا کے شہریوں، کاروباری افراد اور ملازمین کو سفری سہولت میسر آئے گی، پشاور سے کوئٹہ کیلئے براہ راست فضائی سروس کامیابی سے جاری ہے، پشاور، لاہور فضائی سروس کی پروازوں کی تعداد میں مستقبل میں اضافہ کیا جائے گا۔گورنر کا کہنا تھا کہ ڈی آئی خان، چترال اور پاراچنار کیلئے بھی فضائی رابطہ کاری کے امکانات پر کام جاری ہے، صوبے کے مختلف علاقوں کو فضائی رابطوں کے ذریعے منسلک کرنے کیلئے مزید اقدامات کریں گے، پشاور کو ایک بار پھر پھولوں کا شہر بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 19

فائل پھینک کر نہیں جائیں گے، ہمارے دوست ہمارے کاموں سے پریشان ہیں اور روزانہ پوچھ رہے ہیں کہ کام کیسے کر رہے ہو؟۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ یہاں سرکاری اسکول کا کانسپٹ ہی تبدیل کر دیا گیا ہے،لوگ مجبور ہو کر نجی اسکولوں کی جانب جاتے ہیں، نجی اسکولوں میں بھی درجہ بندی ہے، چند فیصد لوگوں کو سہولت حاصل ہے کہ مہنگی فیس دے کر اچھی تعلیم لیں جبکہ مڈل کلاس طبقہ پس گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے اسکولز کو بہتر کرنے کا وعدہ کیا تھا، پوری آبادی میں یہ اسکول اب پرائیوٹ اسکولز کو شکست دے گا، مقابلہ معیاری تعلیم اور سہولتوں کا ہونا چاہئے، ڈاکٹر عبدالقدیر خان جیسے لوگ ان سرکاری اسکولوں سے نکلے مگر حکمرانوں نے ان سرکاری اسکولز کو کھنڈر بنا دیا۔حافظ نعیم نے کہا کہ شہریوں کو اچھی تعلیم دینا حکومت کا کام ہوتا ہے، حکومت 130 روپے تک پٹرول میں فی لیٹر ٹیکس لے رہی ہے، ٹیکس لیا جاتا ہے لیکن ہمیں سہولیات نہیں دی جاتیں، ریاست اگر ذمہ داری پوری نہیں کررہی تو قوم کے ساتھ جرم کررہی ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ نعمت اللہ خان کے دور میں پہلے سرکاری اسکول بلدیہ کے ماتحت ہوتے تھے، پھر آہستہ آہستہ یہ اسکولز برباد ہوتے چلے گئے، چالیس سال سے دو جماعتیں یہاں اقتدار میں رہیں اور یہاں بچے درخت کے نیچے پڑھنے لگے تھے، جب ہم نے احتجاج کیا تو اسکولز پھر ٹاونز کو واپس ملے، ہمارے پاس ٹاونز کا نظام آیا تو جماعت اسلامی نے کھنڈر بنی سڑکوں کو صاف ستھرا کیا۔

بقیہ نمبر 20

ہدایات پر مکمل کیا گیا، جس کا مقصد ہسپتال کے ماحول کو صاف ستھرا، صحت مند اور محفوظ بنانا تھا۔صفائی آپریشن کے دوران ہسپتال کے مختلف حصوں، بیرونی احاطے، راستوں اور اطراف میں جامع صفائی کے اقدامات کیے گئے۔ کمپنی کے عملے نے ہسپتال میں جھاڑو، صفائی، کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی اور ویسٹ لفٹنگ کے امور سرانجام دیے، جبکہ مختلف مقامات پر پانی سے دھلائی اور واشنگ کا عمل بھی مکمل کیا گیا۔ اس کے علاوہ صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے مناسب مقامات پر چونے کا چھڑکاؤ بھی کیا گیا تاکہ ماحول کو صاف ستھرا اور خوشگوار بنایا جا سکے۔اس خصوصی آپریشن میں بہاولپور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سینیٹری ورکرز اور دیگر فیلڈ اسٹاف نے بھرپور حصہ لیا اور اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرتے ہوئے ہسپتال کو زیرو ویسٹ بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے۔ آپریشن کے دوران اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ ہسپتال کے احاطے میں کہیں بھی کوڑا کرکٹ جمع نہ ہو اور فضلے کو بروقت اٹھا کر مناسب طریقے سے منتقل کیا جائے۔اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کا دائرہ کار صرف شہروں، بازاروں اور گلی محلوں تک محدود نہیں بلکہ ہسپتالوں، سرکاری عمارتوں اور دیگر عوامی مقامات پر بھی صفائی کے بہترین انتظامات یقینی بنانا ترجیحات میں شامل ہے۔صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے ہسپتالوں میں صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنا انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ نمبر 21

داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔وزیراعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگران کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 22

کین ندیم حیدر چوہدری، ڈی جی ایم فنانس قیصر مسعود قاضی محمد سلیم انصاری، ملک فیاض احمد سولنگی، ثاقب عمران، الطاف احمد ہمدانی جام اعجاز احمد ایڈمن منیجر عمران ریاض چوہدری، سردار ابوبکر خان کورائی، چیف سکیورٹی آفیسر اللہ نواز خان نیازی، محمد عامر، ملک خالد محمود رندھاوا، چوہدری ناصر اقبال سید خالد شاہ، حافظ محمد عقیل انجم، محبوب احمد خان، منور حسین سمیت دیگر اعلیٰ افسران اور ملز انتظامیہ کے نمائندگان بھی موجود تھے۔اس موقع پر جی ایم ملز بقا محمد اور جی ایم کین ندیم حیدر چوہدری نے کہا کہ بوائلر لائٹ اپ کرشنگ سیزن کے آغاز کی تیاریوں میں ایک اہم مرحلہ ہے۔ملز انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے کہ تمام تکنیکی، انتظامی اور حفاظتی امور کو مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ فنی عملے اور تمام شعبوں کی مشترکہ کاوشوں سے تیاریوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے تاکہ کرشنگ سیزن کے دوران کاشتکاروں کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ گنے کی بروقت خریداری، شفاف وزن اور کاشتکاروں کے ساتھ خوشگوار روابط کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے۔بوائلر لائٹ اپ کی تقریب ملز کے فنی عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مسلسل محنت اور ٹیم ورک کا مظہر قرار دی گئی۔تقریب کے اختتام پر ملکی ترقی، خوشحالی، ملز کی کامیابی اور نئے کرشنگ سیزن کی کامیاب تکمیل کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 23

ٹرمپ نے ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے کے امکان پر اپنی قومی سلامتی ٹیم کے ساتھ اہم مشاورت کی ہے۔امریکی حکام نے اس پیش رفت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ وائٹ ہاؤس میں بدھ اور جمعرات کو اعلیٰ سطح کے اجلاس ہوئے۔امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز کے مطابق ان اجلاسوں میں ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائیوں اور جنگ دوبارہ شروع کرنے سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔تاہم یہ واضح نہیں کیا گیا کہ مشاورت کے دوران کیا فیصلے کیے گئے یا کسی نئے آپریشن کی منظوری دی گئی ہے۔فاکس نیوز نے اپنی رپورٹ میں 9 نومبر کو مشرق وسطیٰ میں نئے چاند کا حوالہ بھی دیا ہے۔اس رات چاندنی نہ ہونے یا انتہائی کم ہونے کے باعث اندھیرا زیادہ ہوگا۔رپورٹ کے مطابق ایسی ماحولیاتی صورت حال بعض فوجی کارروائیوں کے لیے فائدہ مند سمجھی جاتی ہے۔تاہم چاند کی اس کیفیت کو کسی ممکنہ امریکی حملے کی حتمی تاریخ یا کارروائی کے منصوبے کی تصدیق نہیں سمجھا جاسکتا۔اس سے قبل جمعرات کو اوول آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ واشنگٹن ایران کے خلاف جنگ دوبارہ شروع کرنے کے بارے میں جلد فیصلہ کرے گا۔امریکی صدر کے اس بیان اور قومی سلامتی ٹیم کے اجلاسوں کے بعد خطے میں دوبارہ فوجی کشیدگی بڑھنے کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں، تاہم امریکی حکومت کی جانب سے کسی نئے حملے کا باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا۔

بقیہ نمبر 24

ملکیت اور وراثت سے متعلق متنازعہ معاملات سول عدالتوں میں طے ہوں گے۔سپریم کورٹ نے خواتین کے جائیداد حقوق سے متعلق وفاقی محتسب اور پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کالعدم قرار دیتے ہوئے متنازعہ جائیداد کا معاملہ مجاز سول عدالت کو بھجوانے کا حکم دے دیا۔عدالت عظمیٰ کا 8 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس عائشہ ملک نے تحریر کیا۔فیصلے میں قرار دیا گیا ہے کہ وفاقی محتسب کے اختیارات واضح ملکیتی حقوق اور قبضے کی بحالی تک محدود ہیں، جبکہ پیچیدہ قانونی اور حقائق پر مبنی تنازعات کا فیصلہ شہادتیں ریکارڈ کرنے کے بعد ہی ممکن ہے۔سپریم کورٹ نے خواتین کی جائیداد سے متعلق سول درخواستوں کو اپیلوں میں تبدیل کرکے منظور کرلیا اور ہدایت کی کہ محتسب شکایت سمیت تمام متعلقہ ریکارڈ سول جج باڑہ کی عدالت میں جمع کرایا جائے۔عدالت نے سول عدالت کو فریقین کو 15 روز کے اندر پیش ہونے کے نوٹس جاری کرنے اور مقدمہ مناسب مدت میں نمٹانے کی ہدایت بھی کی ہے۔فیصلے کے مطابق متنازعہ ہبہ نامے کی اصلیت، قانونی حیثیت اور وراثتی حقوق کا تعین سول عدالت کرے گی، کیونکہ ایسے معاملات میں قانونی اور حقائق سے متعلق پیچیدگیوں کا جائزہ لینا ضروری ہے۔سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ خواتین کے ملکیتی حقوق کے تحفظ کے لیے ایکٹ 2019 اہم قانونی تحفظ فراہم کرتا ہے اور خواتین کو جائیداد سے غیر قانونی طور پر محروم کرنے کے خلاف فوری اور موثر قانونی چارہ جوئی ضروری ہے۔عدالت عظمیٰ کے مطابق خواتین کے جائیداد حقوق کا تحفظ قانون کا بنیادی مقصد ہے، تاہم محتسب کے اختیارات اور سول عدالت کے دائرہ اختیار میں فرق کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 25

کے مطابق وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستانی قوم شہدائے جموں کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، شہدائے جموں کی قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں، پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔انجینئر امیر مقام نے کہا کہ یوم شہدائے جموں ہمیں کشمیری عوام کی قربانیوں اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے، مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل خطے میں پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 26

ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کا تاریخی ایکشن قابل تحسین ہے۔ملکی خزانے کو نقصان پہنچانے والے مافیاز حقیقی طور پر قومی مجرم ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ کرپشن اور جرم کے خلاف عدلیہ اور انتظامیہ کا ایک پیج پر ہونا بہتری کی نوید ہے۔ پنجاب میں کرپشن کے خاتمے کی کاوش میں چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی معاونت پر شکرگزار ہیں۔

بقیہ نمبر 27

ہائیکورٹ میں آئینی درخواست دائر کردی گئی۔بچوں کے حقوق کے لیے سرگرم 2 کم عمر بچیوں کی جانب سے دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ خیبرپختونخوا ملک کا واحد صوبہ ہے جہاں لڑکیوں کی شادی کی کم از کم قانونی عمر اب بھی 16 سال مقرر ہے، جبکہ پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں یہ حد 18 سال کردی گئی ہے۔درخواست گزاروں نے عدالت سے استدعا کی ہے کہ صوبائی حکومت کو کم عمری کی شادی کی روک تھام اور لڑکیوں کی شادی کی کم از کم قانونی عمر 18 سال مقرر کرنے کے لیے ضروری قانون سازی اور اقدامات کی ہدایت کی جائے۔درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ گزشتہ 2 دہائیوں کے دوران متعدد وعدوں اور اعلانات کے باوجود خیبرپختونخوا میں کم عمری کی شادی کی روک تھام کے لیے موثر قانون سازی نہیں کی جاسکی۔یونیسف کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں قریباً 21 فیصد لڑکیوں کی شادی 18 سال کی عمر سے پہلے کردی جاتی ہے، جس کے باعث ان کی تعلیم، صحت، تحفظ اور مستقبل پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔درخواست کے مطابق کم عمری کی شادی کی روک تھام اور بچیوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے موثر قانون سازی ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 28

اور کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے انہیں منصوبے کے مختلف مراحل، جاری کاموں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ دی۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فرید گیٹ اور شاہی بازار کی تاریخی، ثقافتی اور تجارتی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے بحالی وتزئین وآرائش کا کام اعلیٰ معیار کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبے میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تعمیراتی سرگرمیوں کی موثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں کے دوران بازار میں آنے والے خریداروں، دکانداروں اور شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔اس مقصد کے لیے متبادل راستوں، پیدل آمدورفت اور دیگر ضروری شہری سہولیات کا مناسب انتظام کیا جائے تاکہ کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر نہ ہوں اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جا سکے۔کمشنر بہاولپور نے دکانداروں کو بھی ہدایت کی کہ وہ اپنی دکانوں اور اطراف میں صفائی ستھرائی کا خصوصی خیال رکھیں اور صفائی کے بعد جمع ہونے والا کوڑا کرکٹ دکانوں کے باہر سڑکوں یا گزرگاہوں پر پھینکنے کے بجائے مقررہ مقامات پر جمع کریں۔انہوں نے متعلقہ اداروں کو بازار میں صفائی کے موثر انتظامات برقرار رکھنے کی ہدایت بھی کی۔کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ فرید گیٹ اور شاہی بازار بہاولپور کی تاریخی شناخت اور اہم تجارتی مراکز ہیں، ان کی بحالی سے نہ صرف شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ شہریوں اور خریداروں کو بہتر ماحول اور سہولیات بھی میسر آئیں گی۔انہوں نے ہدایت کی کہ جاری تعمیراتی سرگرمیوں کو تیزی سے مکمل کرکے شہریوں اور تاجروں کو جلد ریلیف فراہم کیا جائے۔اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن نعیم صادق چیمہ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ فیصل شہزاد، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن میاں محمد آصف، والڈ سٹی پراجیکٹ، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، واپڈا، واسا اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 29

کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق شہریوں کو معیاری علاج معالجے اور بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں فرائض کی ادائیگی میں غفلت اور علاج معالجے میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی کے مرتکب عملے کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس موقع پر ڈاکٹر محمد واجد بلوچ ڈاکٹر علی ہاشمی فیاض احمد خان جتوئی علی حسن دشتی بھی موجود تھے۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

